ہدایات :

۱) ہر جواب سے پہلے متعلقہ سوال ضرور لکھیں۔

۲) ہر جواب نئے صفحے سے شروع کریں۔

سوال نمبر ۱۔ (الف) صحافت میں رپورٹ نگاری کی اہمیت پر نوٹ لکھیے۔ (10)

یا

رپورٹ نگاری سے کیا مراد ہے؟ گاندھی جی کے یوم وفات پر اپنے رہائشی علاقے میں منعقدہ جلسے پر رپورٹ تیار کیجیے۔

(ب) درج ذیل میں سے کوئی پانچ محاوروں کے معنی لکھیے اور جملوں میں استعمال کیجیے۔ (10)

۱۔ آگ بگولہ ہونا ۲۔ منہ توڑ جواب دینا ۳۔ نوش جان کرنا ۴۔ وصال ہونا

۵۔ پیٹ کاٹنا ۶۔ ٹال مٹول کرنا ۷۔ طوفان باندھنا

سوال نمبر ۲۔ قرۃ العین حیدر کی حیات اور ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔ (20)

یا

سید احتشام حسین کے سوانحی کوائف پر تفصیلی گفتگو کیجیے ۔

سوال نمبر ۳۔ فیض احمد فیض کے سوانحی کوائف پر تفصیلی گفتگو کیجیے ۔ (20)

یا

اختر الایمان کی حیات اور شخصیت پر روشنی ڈالتے ہوئے ان کی ادبی خدمات کا جائزہ پیش کیجیے۔

سوال نمبر ۴۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر تفصیلی گفتگو کیجیے۔ (10)

۱۔ کارمن ۲۔ یہ لندن ہے ۳۔ منزل ہے کہاں تیری

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نظم کا تجزیہ پیش کیجیے۔ (10)

۱۔ اجنتا ۲۔ کتے ۳۔ زندگی سے ڈرتے ہو

سوال نمبر ۵۔ (الف) مندرجہ ذیل میں سے دو اقتباسات کی مع سیاق وسباق وضاحت کیجیے۔ (10)

۱۔ اور جو نوجوان ہماری نظر میں جچتے ہیں اُن کا تعلق پڑھے لکھے خاندانوں اور خوش حال گھرانوں سے ہوتا ہے ۔۔۔۔۔۔وہ لوگ ہم سے فلرٹ تو کر سکتے ہیں شادی نہیں کرتے۔اسی چکر میں ہماری عمریں نکلی جارہی ہیں۔

۲۔ امن دوستوں کو وہ سب کچھ کرنا چاہیے جس کے بعد جنگ جوئی کی خواہش کا دھبہ سرمایہ دار ملکوں کے دامن سے دھویا نہ جاسکے یا پھر وہ امن کی فضا قائم رکھنے پر مجبور ہوجائیں۔یقیناً انسان اجتماعی طور پر چاہیں تو امن قائم ہوسکتا ہے اور دنیا جنت بن سکتی ہے۔

۳۔ اس کے جاگتے جگمگاتے دارالسلطنت کے ایک بے رنگ سے محلے کی ایک شکستہ عمارت کے اندر ایک بے حد چپٹی ناک اور فرشتے کے سے معصوم دل والی فلپنولڑکی رہتی ہے جو اپنے بچے کے لیے کھلونے جمع کر رہی ہے اور اپنے خدا کی واپسی کی منتظر ہے جس کی ذات پر اسے کامل یقین ہے۔

۴۔ دیکھنا ہے کہ تقسیم کے بعد یہ خزانہ ہندوستان کو ملتا ہے یا پاکستان کو۔شاید پاکستان دارا شکوہ سے دلچسپی نہ لے! مطبوعہ اردو کتابوں کا بھی بڑا ذخیرہ ہے۔میں نے طے کرلیا ہے کہ کئی دن یہاں آؤں گا اور جو کچھ دیکھ سکوں گا، دیکھوں گا۔لائبریری سے نکل کر دوپہر کا کھانا سب کے ساتھ انڈیا کلب میں کھایا۔

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شعر کی تشریح مع شاعر کے نام کیجیے۔ (05)

۱۔ یہ تو نے کہا کیا اے ناداں، فیاضیٔ قدرت عام نہیں
تو فکر ونظر تو پیدا کر، کیا چیز ہے جو انعام نہیں

۲۔ ایک مدت سے تری یاد بھی آئی نہ ہمیں
اور ہم بھول گئے ہوں تجھے، ایسا بھی نہیں

۳۔ حشر میں اپنے گناہوں سے مجھے خوف ہو کیا
اُن کی رحمت بھی تو ہے منزلِ عصیاں کے قریب

X0279Y42A1B6X0279Y42A1B6X0279Y42A1B6X0279Y42A1B6

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک بند کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔ (05)

۱۔ راہ شوق میں جیسے راہرو کا خوں ٹپکے
اک نیا جنوں لپکے
آدمی چھلک اٹھے
آدمی ہنسے۔ دیکھو۔ شہر پھر بسے دیکھو
تم ابھی سے ڈرتے ہو

۲۔ پابندی جان و دل سے زنجیر حیات
اللہ اللہ ری فکر توقیرِ حیات
آغاز کی کچھ خبر ہے نہ انجام کا علم
کونین ہے پھر بھی خوتدبیر حیات

۳۔ جن کے دل کچلے ہوئے جن کی تمنا پائمال
جھانکتا ہے جن کی آنکھوں سے جہنم کا جلال
اے خدائے دوجہاں اے وہ جو ہراک دل میں ہے
دیکھ تیرے ہاتھ کا شہکار کس منزل میں ہے

☆☆☆

X0279Y42A1B6X0279Y42A1B6X0279Y42A1B6X0279Y42A1B6